۱۹۸۵ء کا اقبالیاتی ادب | از ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی ۔ ناشر: پروفیسر محمد منور صاحب ڈائریکٹر اقبال اکیڈیمی پاکستان ۔ بڑے سائز کے ۷۵ صفحات ۔ قیمت: ۱۸/- روپے

عزیز دوست ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی کئی سال کی مسلسل کاوشوں کے بعد آج اقبالیات کے ماہر کی حیثیت سے صفِ اول کے اصحاب تحقیق میں سے ہیں۔ وقتاً فوقتاً وہ اقبال کے متعلق نئے نئے عنوانات پر نتائجِ کاوش اہلِ ذوق کے سامنے لاتے رہتے ہیں۔ ان کی یہ تازہ کوشش بڑی قابلِ قدر ہے کہ انہوں نے پوری طرح جائزہ لیا کہ ۱۹۸۵ء میں علامہ اقبال کی شخصیت و سوانح اور فن و فکر کے متعلق جو کچھ شائع ہوا ہے اس کا تذکرہ بھی ہو جائے اور خاص خاص خطوط اور مضامین اور دریافت شدہ مسودات کی بھی جھلک دکھا دی جائے۔ خاص طور پر علامہ اقبالؒ کے متعلق سوانحی اور تشریحاتی کتابیں نیز اقبال ہی کے متعلق جامعات کے امتحانی مقالے، مجلات و اخبارات کی خصوصی اشاعتیں اور کتابیاتِ اقبالؒ (۱۹۸۵ء) کا اشاریہ جیسی چیزوں کا ذریعۂ حوالہ ہونے کی وجہ سے یہ مختصر جائزہ بڑی شاندار حیثیت اختیار کر گیا ہے۔

چند تصویریں | از جناب خرم جاہ مراد، سابق ڈائریکٹر اسلامک فاؤنڈیشن لائسٹر انگلینڈ۔

ناشر: ادارہ مطبوعاتِ طلبہ، ۱۔ اے ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور۔ خوبصورت سرورق، کاغذ طباعت عمدہ، قیمت ۶/- روپے ۔ برائے تقسیم ۴ سو روپیہ سینکڑہ۔

احیائے اسلام کے لیے شگفتہ انداز میں نئے عنوانات پر اور قارئین کے مختلف حلقوں کے لیے لکھنے والے حضرات بہت زیادہ نہیں ہیں۔ اور اس صف میں خرم جاہ مراد کا خاص مقام ہے۔ تعمیر اور میکانیات کا یہ انجینئر، انسانوں کے عقیدوں اور احساسات اور کردار کی تعمیر کے فن میں بھی دنیائے دل و نگاہ کا کامیاب انجینئر ثابت ہوا۔

"چند تصویریں" سیرت کے البم میں سے لی گئی ہیں۔ سیرت پاک کے واقعات، ان سے متعلق بعض آیات اور کہیں کہیں حضورؐ کے درخشاں ارشادات۔

الفاظ، عبارات، عنوانات، ترتیب دل نشیں!